© rasailojaraid.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ط

# اشارات

ترجمان القرآن کے صفحات میں اس مرتبہ ۸ صفحات کی مجبوراً کمی کرنی پڑی ہے۔ اس کی وجہ کاغذ کی ہوشربا گرانی اور کمیابی ہے۔ کاغذ کی صورتِ حال گذشتہ کئی سالوں سے انتہائی غیر تسلی بخش رہی ہے جس کی وجہ سے اخبارات و رسائل اور دوسرے اشاعتی کاموں کو کافی نقصان پہنچا ہے۔ ترجمان القرآن کا نقصان دوسروں کی بہ نسبت کہیں زیادہ ہے۔ دوسرے اخبارات اور جرائد اشتہارات کی مد سے کسی نہ کسی طرح اس نقصان کی تلافی کر لیتے ہیں مگر ترجمان القرآن میں اشتہارات برائے نام ہوتے ہیں اور ان سے یافت بھی بہت کم ہوتی ہے۔ اس جریدے نے ناظرین کے بدل اشتراک کے ماسوا ہر قسم کی مالی اعانت سے ہمیشہ اپنے آپ کو مستغنی رکھا ہے۔ جہاں تک ظاہری اسباب کا تعلق ہے اس کے مالی وسائل کا انحصار صرف اس کی اشاعت پر ہے۔ گذشتہ سال تک اس کے آمد و خرچ قریب قریب برابر رہے اور اگر کبھی تھوڑی سی کمی ہوئی تو اسے مولانا محترم نے اپنی جیب سے پورا کر دیا مگر اب اخراجات اس حد تک بڑھ گئے ہیں کہ انہیں اٹھانا مشکل نظر آتا ہے مزید برآں "ترجمان" کا داخلہ مدتِ دراز سے بھارت میں بند تھا جہاں اس کے سینکڑوں قارئین موجود تھے۔ پھر مشرقی پاکستان کی تازہ صورتِ حال کے سبب وہاں بھی ترجمان کی ترسیل محال ہے حالانکہ وہاں ہمارے ایک ہزار سے زاید خریدار ہیں۔ ترجمان القرآن کے قارئین، جماعت اسلامی کے کارکنوں اور ہمدردوں اور ملک کے دوسرے اسلام دوست طبقوں سے ہم اپیل کرتے ہیں کہ وہ اس کی توسیعِ اشاعت کی طرف توجہ دیں۔ کیونکہ اسی طریقے سے اس کے بڑھتے ہوئے اخراجات کو پورا کیا جاسکتا ہے۔ جہاں تک اس کے صفحات کی کمی کا تعلق ہے یہ محض عارضی تدبیر ہے۔ جس وقت حالات ذرا

© rasailojaraid.com

